ارمغان حجاز

حمدِ باریِ تعالیٰ عزّ اسمہٗ

حمدِ بے حد می سزد اورا کہ ہست او بےمثال
لاشریک و بےبدیل و لامثال و لازوال
آنکہ نامش کردہ از محمود نامِ خویش شق
صد صلوٰۃ و صد سلام از ما برِ او ہم صحب و آل
یا مرا توفیقِ تصنیفِ نعوتِ مصطفٰے
از الف تا یا کنم اندر حضورت عرضِ حال
... ندہ ماہِ تاباں۔

... مختصر شد

اے شہسوارِ اسریٰ، اے ہمنشینِ یزداں
... تو سرِّ کُن فکانی
سرِّ ازل تو دانی، اے رازدارِ ...

نہ بر چرخِ نبوّت چون تو ماہے ۔ نہ بر تختِ رسالت چون تو شاہے

نہ در اُمّت چو من گم کردہ راہے ۔ نگاہے یا رسول اللہ نگاہے

نہ در دُرجِ صدف مثلِ تو گوہر ۔ نہ در بُرجِ شرف مثلِ تو اختر

نہ مثلت حق نمائے قبلہ گاہے ۔ نگاہے یا رسول اللہ نگاہے

ترا عرشِ معلّیٰ پایگاہے ۔ سر بر قابِ قوسین تکیہ گاہے

مکانِ لامکاں [illegible] گاہے ۔ نگاہے یا رسول اللہ نگاہے

[illegible] تو مرا پشت پناہے ۔ نہ جز تو کس مرا اُمید [illegible]

[illegible] گاہے گاہے ۔ نگاہے یا رسول اللہ نگاہے

[illegible] اُمّت ۔ نمادہ ہے بہ گمراہانِ ملّت

[illegible] ۔ نگاہے یا رسول ال[illegible]

مِس قلبم بکن زر از نگاہے
نگاہے یا رسول اللہ نگاہے
دریں ظلمت سرا بنما لقائے
بحقِ اُمّتِ عاصی دُعائے
نگاہے یا رسول اللہ نگاہے
نبادہ یوسفِ ملّت بچاہے
اسیرے بیقرارے دلفگارے
حقیرے مذنبے عصیاں شعارے
نگاہے یا رسول اللہ نگاہے
فقیرے بردرِ لولاک جاہے
زدیجورم بروں آور پگاہے
بہ جھجرے نگاہے صُبح گاہے
نگاہے یا رسول اللہ نگاہے
بسوئے کا مگارے روسیاہے
نگاہے یا رسول اللہ نگاہے

اے شاہ جویریاں، سالارِ نوعِ انساں
از پرتوِ جمالت رخشندہ ماہِ تاباں۔
تنہا رزرگی، بس قصّہ مختصر شد
اے شہسوارِ اسرٰے، اے ہمنشینِ یزداں
تو سِرّ کُن فکانی
سِرِّ ازل تو دانی، اے راز دارِ ...

سردار اتقیائی، سالار انبیائی
اے بدرِ چرخِ ایماں وے صدرِ بزمِ عرفاں

از چشم گر نہانی، چوں مردمک عیانی
عینِ حیاتِ دارین اے نورِ عینِ اعیاں

از زمزمِ شفایت وز کوثرِ شفاعت
جامِ حیاتِ عشقت ایں تشنہ را بنوشاں

اے جانِ جسمِ کونین فرسودہ قالبم را
از نفخِ روحِ عشقت یکبار زندہ گرداں

نے در دلِ غمینم، در دیدۂ نمینم
جز آہِ صبحگاہے، جز آبِ چشمِ گریاں

با صد رجاست حاضر ایں کامگار بردر
از وصفِ نعتِ پاکت آوردہ گُل [illegible]

اے شہنشاہ دنی تاج تدلی داری | وصف شبگیر سفر آیت اسری داری

چشم شہلا لب لعل و رخ لالا داری | قد زیبا ید بیضا قد رعنا داری

بسر اقدس عمامہ ز لولاک آمد | دستہ یاسمن آں شملہ طاہا داری

قد رعسات کلیس بقبائے یاسین | تکمہ میم مدثر چہ مطلا داری

صفت بُرد یمانی چہ کند کہساری | کہ مزمل لقب از عالم بالا داری

چار اختر بسر چرخ شریعت روشن | بلکہ رشک مہ و خور جملہ احبا داری

خانہ علم تو نی ہست اساسش صدیق | اذ ہما و معہ مونس اولی داری

عمر عادل دو حیطان مکان اسلام | بہر سرکوبی کفار اشدا داری

سقف آں خانہ رفیق تو بجنت عثمان | کہ بمصحف صفتش آمدہ رحما داری

اللہ صفدر و الا صفتش سیماہم | شہ دلدل در علم و در یکتا داری

بہر دو [illegible] غان نور دو چشمت حسنین | بضعہ منی صفت حضرت زہرا داری

[illegible] بر [illegible] ہمہ پاک و اطہر | کشتے نوح بشان ہمہ زیبا ر

یا [illegible] ہم ذات تو خیر المرسل | درکف پاک و فتحنا مرقہ

[illegible] ہمراں و خلیل رحماں | ز آتش و قلزم و چہ کردہ ہم

ماحضر بہر گدایانِ تو خوانِ جنت | سقر و ہاویہ غمی از پئے اعدا داری

پس چرا اُمّتِ تو خستہ درین دورانست | بین آن چشم کہ چون نرگسِ شہلا داری

خیز از خاکِ عرب لالۂ سیرابِ عرب | قسم از حکم قُمِ الّیل قلیلاً داری

منجیٔ کشتیٔ نوحی بسلا بر ساحل | کشتیٔ اُمّتِ خود را کہ بدریا داری

خُد و دیدہ باد فدائے کفِ پایت چشمم | ای کہ نعلین سرِ عرش معلّیٰ داری

وقت آخر سرِ بالینِ من آئی شاہا | نہ نگیں مہرِ شفاعت تو شفیعا داری

تو رحیمی تو شفیعی نہ شفیقے چون تست | لیک مُسلم نہ کسی مذنب و خطا داری

ای غلام سگِ دربار رسول عربی
کامگاری کہ تو یا در شہ بطحیٰ داری

از تبِ ہجرِ تو جگر در تپش | دلِ زالم صورتِ ماہی کبابم

نہ قدم اندر روضہ بصحنِ حرم | ہیچ کی چہ رو داد بلا ...

... سبب است سرِ یدِ عرب | آہ ہلال آمدہ ...

... روم زمارم نمود | طاقتِ دل طاق تند و ...

خیز کہ یوروشلم از دست رفت — گو بعمر سیف برآور شتاب

یا علی آں فاتح خیبر فرست — از پئے سرکوبیٔ اعدا شتاب

تا شب اندوہ شود مختتم — صبح دمد جلوہ دہد آفتاب

مُسلم مایوس شود کامگار

اُمتِ ناکام شود کامیاب

اے کہ تو مرآتِ ذاتی عین ذاتی در وجود

بے تو ہیچوں چوں نمودے چوں نمودے شد نمود

جز و نورت گر نبودے شاملِ اندر کحلِ کُن

چشمِ ہستی را شدے کے حاصلِ ایں کشف و کشود

پردۂ الّا انا ہستم بشر مثلِ شما

گرچہ حائل کردۂ لولاک شانت وا نمود

[illegible] معراجت اے خیر الرسل

[illegible] دال شد بر اینکہ ذاتت عکسِ نورِ او [illegible]

بے نیازت ناز بردار اے مکین لامکاں
غاشیہ بردار تو جبریلؑ در معراج بود

یدِ بیضا کلیم اللہ اگر نازاں شدہ
صد تجلی از کفِ پائے محمدؐ شد نمود

انشراحِ سینہ ات شد از الم نشرح پدید
ہم لسانت در فصاحت از فصیحا گو ربود

گرد از شرقِ عرب مہرِ منیرت گر طلوع
لیک از انوار آں اسرارِ غیبی شد نمود

اے مزملِ وقتِ ترتیلت پئے تنزیلِ حق
چادرِ شب یافت و کرد اجتماعِ تار و پود

از کمندِ خُلقِ تو شد رام ہر جن و بشر
پادشاہاں پیش تو از سر فگندہ تاج خود

جملہ ناکاماں شدند از درگہِ [illegible] بود
مطمئن شد جبہۂ خود بہ درِ تو ہر کہ [illegible]

خاکِ پائے تو مرا کحل البصر — بر سرم بہر خدا فرما گذر

تاجِ تو طاہا و لیٰسین قبا — زلفِ تو واللیل و مازاغ البصر

اے دعائے بانیٔ بیت الحرم — وے نوید عیسیٰ گردوں مقر

اللہ اللہ ہمتِ مردانہ ات — در شبی تا لامکاں کردی سفر

سنگ در دستِ عدو تہلیل خواند — وز اشارت شد عیاں شق القمر

چوں بیا گفتی بہ پیش آمد رواں — با ہمہ شاخ و بن و برگ آں شجر

من سرت گردم توئی سردار کل — ہر سرے بر پائے تو افگندہ سر

اے کہ دستِ حق پرستت دستِ حق — ہاں بدہ دستے کہ افتادم بسر

باز خواں تکبیر در بیت الحرم — تسر و قسر و لات را ازاں کن بدر

از گلِ عصیاں شدم آلودہ رو — چشم از اشکِ ندامت تر بتر

[illegible] بے چارۂ — خستہ جان و خستہ تن و خستہ جگر

بر [illegible] استادہ بر درت با صد رجا

کامگارش کن بیک نیم نظر

السلام اے ذاتِ تو دُرِّ یتیم بحرِ جُود
السلام اے چشمۂ حیوانِ صحرائے وجود

السلام اے شمعِ جمعِ انبیاءؑ و مرسلین
السلام اے صدر و بدرِ آسمانِ ہست و بُود

السلام اے بہرِ تو گسترده شد خوانِ زمین
السلام اے مقصدِ تکوینِ ایں چرخِ کبُود

السلام اے سرگلِ گلزارِ حُسنِ کائنات
تازہ کردی ہر گلِ پژمردہ زآبِ زندہ رُود

السلام اے باعثِ تدوینِ صحفِ انبیاءؑ
مخفی اندر اتّباعت حُبِّ خلّاقِ ودُود

السلام اے ناز بردارت مکینِ لامکاں
غاشیہ بردارِ تو جبریل [illegible]ج بُود

[illegible]راغ فاوحی اسمعیلِ راغِ دنے
برگلِ تو عندلیبِ لم یزل خو[illegible]

درشبِ اسریٰ بعیدہ پیشوائے مرسلین
درقیام و در رکوع و در سجود و در قعود

ہرکہ پیغامِ تو آوردہ شد او پیغامبر
ذکرِ تو در صحفِ و در توریت و ہم انجیل بُود

روزِ میثاق از پئے تبعیت اصرے گرفت
بعدِ اقرارِ نبییّں ذاتِ حق شد از شہُود

والہانِ موئے تو مرغولہ مویانِ جمال
مثلِ ہالہ گردِ ماہت حُور و غلماں جبہہ سُود

فخرِ تو بر فقر و فاقہ جَو خورِ ناقہ سوار
شہسُوارانِ جہاں پیشت فگندہ تاج و خود

ضربۂ لا سینۂ ارباب باطل کرد چاک
نقشِ الّا بر جبینِ مُنکراں گشتہ نمُود

[illegible] کلِ تثلیث [illegible] گرد از نعرۂ توحید پاش
[illegible] بر تا [illegible] صیقلِ تبلیغ زنگِ شرک از عالم زدی [illegible] سار

[illegible] بر [illegible] ہا ہر زماں از سکا مگار صد صلوٰۃ و صد سلام و صد تحیہ [illegible]

اے مزمل تاجِ طاہا بر سرت — خلعتِ لولاک زیبا در برت

عالمے شاداب از فیضِ درت — یک نگاہے کن بمن گردم سرت

والضحیٰ رخسارِ تو والشمس رو — سورۂ واللیل موئے عنبرت

اے امام المرسلین ختم الرسل — انبیا تسلیم کردہ سرورت

گشتہ روشن بر ہمہ ملک و ملک — در شبِ اسریٰ ہمہ جاہ و فرت

غاشیہ بردار تو روح الامین — سرفرازاں سر فگندہ بر درت

دادہ روح اللہ نوید بعثتت — ہم دعا کردہ خلیلِ آذرت

نوعِ انساں از غلامی شد رہا — قیصر و کسریٰ غلام و چاکرت

ہر دو عالم بستۂ فتراکِ تو — گشتہ در زیرِ نگیں خشک و ترت

شیئاً للہ استخوانے بر فگن

کامگارا آلودہ گِل کلبِ درت

شو شفیعم اے شہِ ہر دو سرا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجیٰ
وقتِ نزعِ غم بر سرِ بالیں بیا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجیٰ
از نکابِ جرم و عصیاں کردہ ام　　بہرِ دوزخ جملہ ساماں کردہ ام
آمدم سوئیت کنوں با صد رجا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجیٰ
آمدہ عصیاں شعارے بر درت　　ایک اکلیلِ شفاعت بر سرت
چاکرت ہر بادشاہ و ہر گدا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجیٰ
اے شفیع المذنبینی یا نبیؐ　　رحمۃ للعلمینی یا نبیؐ
یا نبی ہستی امام الانبیا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجیٰ
گرچہ غرقِ بحرِ عصیاں گشتہ ام　　تابعِ ایں نفسِ شیطاں گشتہ ام
از خجالت سرنگونم آوخا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجیٰ
دستِ نصرت زآستیں آور بروں　　از چہِ ذلت بروں آور بروں
[illegible] برا[illegible] ویلنا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجیٰ [illegible]سار
یا [illegible] مسلول کن　　سیف سیف اللہ گو مفتو[illegible]
[illegible]م را گو بیا　　یا محمد مصطفیٰ بدرالدجی [illegible]

سیف بر پائے کہ بے راہت رود — حیف آں گاہے کہ بے یادت رود

کیف یسکن قلبنا فی حبنا — یا محمد مصطفےٰ بدر الدجیٰ

یک نگاہے کن بسوئے کامگار — یک سلامے بشنواز این فگار

سر مرا مے خواہم زگرد خاک پا — یا محمد مصطفےٰ بدر الدجیٰ

تاب دیدارت بداین بیتاب دہ — یا محمد جلوہ در خواب ...

کن منور کلبۂ قلب حزین — جلوۂ زیبا عالمتاب ...

گرسنہ بر در صدائے میکند — از نعیم رحمتش یک قاب ...

بر درت شاہا فقیرے حلقہ زن — مژدۂ خوش کن ز فتح باب ...

از طفیل ہر دو شاہ من جنان — جذبۂ غیرت بشیخ و شاب ...

یک نظر بر تشنگاں کن پانی — جرعۂ ز آب طہورہ ناب ...

طرف کویت میکنم پروانہ وار — بے پرے رابم پر سرخاب ...

دل رود بیرون ز دست کار گار ...

قلب مضطر را توان و تاب د ...

اے جبینت مطلع انوارِ حق — سینۂ تو مخزنِ اسرارِ حق

اے ز جامِ اُدنُ منی خوردہ مُل — جُرعۂ از ساغرِ تو چار قُل

تو بہ آدم بنا امت شد قبول — نور شد در نارِ نمرودی حلول

یوسف از مہتابِ حُسنت جلوۂ — ہر دو عالم ز آفتابت ذرۂ

تو کلیمی لیک طورت لامکاں — تو سلیمانی مگر در ہر زماں

تو حکیمی ہست بیمارت مسیح — تو کلیمی ہست قرآنت فصیح

اے کہ ہستی نوحِ کشتۂ جہاں — گر نبودی کے بُدے ہفت آسماں

بہر تدریسِ ادب بر آسماں — رفتہ عیسےٰ در حیا تش تیں جہاں

بیرُت گرد چو آید از فلک — اے گدائے درگہت مُلک و مَلک

اے بہ یاسین حق ترا کردہ خطاب — ذاتِ پاکت نجم او ادنیٰ جناب

گر رؤفت گفت حق گاہے رحیم — گر حریص اُمتے گاہے کریم

گرچہ حق فرمود آ... ختم البشر — بہتر از نوعِ بشر خیر البر...

خاتم رقع... گفتہ ترا — روح گرد آسما...

...ں کامگار — کز جہالت گشت...

ای سوادت سوادِ دیدهٔ حور — نور از چشمکِ تو چشمهٔ نور

بهتر از الفِ شهر شد لیلت — ظلمتِ کفر شد همه کافور

خیرٌ مِن الفِ شهر گفت حق — فجرِ تو وقتِ مغفرت بہ فجور

لیلة القدر نور گیر از تو — آمد ستی اگرچه از دیجور

قلبِ مسلم زمین تو میمون — کلبهٔ مومن از تو بقعهٔ نور

ز منور ز نور مصطفوی — مصطفیٰ نورِ حق تعالیٰ نور

بهتر و برتر از شبِ بدری
که ذو القدر لیلة القدری

اردو

زبان

حمدِ الٰہی

تیرا زماں تیری زمیں — سارے مکاں کا تو مکیں
کیا فرش کیا عرش بریں — حمداً لِرَبِّ الْعٰلمین
کیسے گنوں اِحساں تیرے — مُشکل کیئے آساں میرے
آساں کیا آساں ترین — حمداً لِرَبِّ الْعٰلَمِیْن
افضل ترینِ انبیاء — ہم کو پیمبر دے دِیا
وہ شمع جمع مرسلین — حمداً لِرَبِّ العٰلمین
وہ نورِ ربِّ العٰلمین — وہ رحمۃً لِلعٰلمین
وہ قاب قوسین کا مکیں — حمداً لِرَبِّ العٰلمین
ایماں دیا ، قرآن دیا — ایقاں دیا ، عرفاں دِیا
چمکا دیا نورِ یقین — حمداً لِرَبِّ الْعٰلمین
ظلمت سی بدلی نورُ سے — بجلی سی چمکی طورِ پر [illegible]سار
[illegible] برقِ یقین — حمداً لِرَبِّ العٰلمین

قطرے میں طوفاں بھر دیا — ہم کو مسلمان کر دیا
شکراً لربِّ العٰلمین — حمداً لربِّ العٰلمین

فوجِ نبی پیر و جواں — مرد و زن و خورد و کلاں
سب نے جھکائی ہے جبیں — حمداً لربِّ العٰلمین

ہیں سامنے سب خم کمر — سجدے میں ہیں جن و بشر
ایّاک نعبدُ نستعین — حمداً لربِّ العٰلمین

بھر دے ہماری جھولیاں — شانِ کریمی کر عیاں
اے بادشاہِ عالمین — حمداً لربِّ العٰلمین

اُلفت ہمارے دل میں بھر — کُلفت ہماری دُور کر
پھر زندہ کر رُوحِ یقین — حمداً لربِّ العٰلمین

سچّی محبّت زندہ ہو — رُوحِ عمل پائندہ ہو
تابندہ مُسلم کی جبیں — حمداً لربِّ العٰلمین

ا[illegible]الِقِ ارض و سما — منظور فرما یہ دُعا
[illegible]نگار دِلِ حزیں — حمداً لربِّ العٰلمین

ترجمہ سورہ فاتحہ

جس قدر ہے حمد زیبا ہے تجھے جملہ عالم کا ہے تو پروردگار
مہرباں مخلوق پر بے انتہا رحم والا مالکِ روزِ شمار
صرف تیری ہی عبادت ہم کریں اور تجھ سے ہوں مدد کے خواستگار
ہم کو سیدھی راہ پر انکی چلا نعمتیں بخشی ہیں تو نے بیشمار
واسطہ سے اُن کے ہم کو باز رکھ
جو ہے مغضوب اور ضلالت کے شکار

حمد الٰہی

حمد ایزد بندۂ عاصی سے ہو کیونکر ادا
حمد ہیں جس کی کہا احمدؐ نے لا اُحصی ثناء
معجزے نبیوں کو دے کر سر بسر عاجز کیے
خرق عادت جن کو دی، کہتے ہیں انکو اہل اللہ
معجزات و خرق عادات ایک جیسے فعل ہیں
اُنکے مصدر انبیا ہیں، انکے مصدر اولیا

طاقتیں سب کو عطا کی ہیں بقدرِ حوصلہ
سب سے بڑھ کر احمدِ مختار کو کی ہیں عطا

اِدّعائے نعتِ احمد ہو بشر سے کس طرح
خالقِ کل نے کہا جب خود ہے لولاکَ لما

کاہ کو وہ دیکھے طاقت ہے بنانا کوہسار
کوہ کو گر کاہ کر دے تو تعجب ہے یہ کیا

چیدہ چیدہ نعتِ احمد لیکے آیا کامگار
اندراجی آپ سے ہے وہ دعائے خیر

کس کے اخلاقِ حسن کا تذکرہ کرتا ہوں میں
کس کی چوکھٹ پر سرِ تسلیم خم کرتا ہوں میں

...ان کی مزدور کی مجبوری کی کس نے بلند
کس قدر اعزاز بخشا اس کو کر کے ...

کس نے خیبر کا قلعہ کس نے یکسر سر کیا
کس نے مزدوروں میں رہ کر انکے دل ...

کس نے مٹی مسجدِ نبوی میں لائی پیٹھ پہ
اور جنگل سے اُٹھا لکڑی ہے لائی پیٹھ پہ

کس نے خندق کھودتے باندھے تھے پتھر پیٹ پہ
کیا کوئی دربان بھی دیکھا کسی نے گیٹ پہ

کس پیمبر نے ہے گانٹھا اپنا جوتا ہاتھ سے
فَوقَ اَیدِیھِم یَدُ اللّٰہ خدا کے ہاتھ سے

کس نے اُس بوڑھی یہودن کا اُٹھایا بوجھ تھا
شب کو تھا مہمان باری صبح سر پہ بوجھ تھا

کس کا سر سجدے میں سر پر اوجھ کس کے اونٹ کا
سنگباری میں تھا تشنہ آب کے ایک گھونٹ کا

کس نے کھائے تیر اور سہتا رہا سب سختیاں
مانگتا تھا پھر بھی اعداء کے لئے خوش بختیاں

کس نے عورت کو وراثت کا بنایا حصہ دار
کون بیواؤں یتیموں کا تھا سچا غمگسار

کس نے مرد و زن پہ یکساں فرض علم دفن کیا
ساتھ اِس چولی سے آخر کس نے وہ دا[illegible] کیا

کِس نے ہمسایوں سے احساں فرض ہے ہم پر کیا
اور مومن کی علامت اِس صفت کو کر دیا
کِس نے یہ سارے ورق بتلا دیئے تھے کھول کر
کِس نے یہ دُرّ و گہر دِکھلا دیئے تھے رول کر

ہو کے شاہِ انبیاءؐ فخر الرسلؐ ، خیر الوریٰؐ
زیبِ تن کھدر کا کُرتہ اور بستر لیے رہا
دشمنوں سے گالیاں وہ ہر گھڑی سُنتا رہا
اِس کے احسان دیکھکر دشمن بھی سر دُھنتا رہا

کُفر کے اندھیر میں کِس نے اُجالا کر دیا
مصطفےؐ نے آدمی کا بول بالا کر دیا

پھر تکلیف کرئے احمد لخت دِل لایا ہوں میں
یوسف مدنی کے بس دیدار کو آیا ہوں میں
اِن خصائل کا کوئی تتمہ ہے تجھ میں گنہگار ؟
نورِ حق حمد و رح اور مدّاح تجھ سا نابکار

ایک اُمّی کا دماغ اور اس قدر سُلجھا ہوا
کیا نبوّت کی نہیں ہے ایک یہ روشن دلیل
وعظ و حکمت سے وہ دعوت سوئے حق کرتے رہے
رات دن محوِ رضائے حضرتِ ربّ الجلیل
اُن سے راضی ہے خدا راضی خدا سے ہیں یہ سب
ہیں محمدؐ کے صحابی وصف میں سب بے عدیل
اولیا و اتقیا سب پیروِ ختم الرُسُل
اُمّتی بھی ہوں فدا تو ہو نہیں سکتے ذلیل
اِک لڑی میں منسلک ہوں مسلموں کے مرد و زن
ادخلوا فی السِلم کافہ کے بنیں زندہ دلیل
حسبنا اللہ ہے ہمیں مولی الموالی اور نصیر
ہے وہی کافی و وافی اور وہی نعم الوکیل
پیروانِ مصطفےٰ بیشک ہیں محبوبانِ حق
اور محبوبانِ حق ہرگز نہیں ہوتے ذلیل

بارگاہِ حق میں حاصل آج کی شب ہو گئی
باریابی ان کو اور آسرا بعید ہے دلیل

عید پر ہو نے کئے اسرار سب آسرا میں فاش
کاش ہوں حصّہ اس سے بہرہ ور قدر قلیل

حاضرِ دربار ہوں سب کامیاب اور کامگار
ہو عطا صبرِ حسین حُبِّ نبی ، صدقِ خلیل

اِدھر بھی اک نظر اے چشم مازاغ البصر للّٰہ
کہ زنجیرِ غلامی کٹ کے ہو آزاد یہ گردن

سلام بر خیر الانام ؑ

اے رُوحِ جسم کونین میرا سلام سُن لو
عنوانِ حیاتِ دارین میرا سلام سُن لو
مُردے میں جان ڈالو اُفتادہ کو اُٹھا
در پر مجھے بُلا لو ، میرا سلام سُن

بے ہوش تن ہے میرا، بے جوش من ہے میرا
بسمل بدن ہے میرا، میرا اسلام سُن لو

اُجڑا چمن ہے میرا ویراں وطن ہے میرا
جینا کٹھن ہے میرا میرا اسلام سن لو

بادِ بہار لانا لے گلعذار آنا!
گلزار لہلہانا میرا اسلام سن لو

ہے نِت نیا ہی رنگ اب شیطاں سے ہے جنگ اب
اس نے کیا ہے تنگ اب میرا اسلام سن لو

میرا اسلام سُن لو میرا پیام سُن لو
عرضِ غلام سُن لو میرا اسلام سن لو

یہ کامگار آیا۔ یہ داغدار آیا
یہ خاکسار آیا۔ میرا اسلام سُن لو

سلام

لمع الوانفدا ہو، شمع جمع انبیا ہو
جانِ دِل تم پر فدا ہو، ربی سلام علیکم
حق تیرا محو لقا ہے اور جہاں سارا فدا ہے
تجھ سے بڑھ کر اک فدا ہے یا نبی سلام علیکم

ہے فِدا ناسُوت سارا   عالمِ ملکوت سارا
عالمِ لاہوت سارا   یا رسول السلام علیکم

قدوۂ جمعِ رُسُل ہو   سرورِ ہر جزو و کل ہو
ہادیِ خیر السُّبُل ہو   یا رسول السلام علیکم

پیشوائے اصفیاء ہو   رہنمائے اولیاء ہو
اور امام الاتقیاء ہو   یا رسول السلام علیکم

مطلعِ نورِ یقیں ہو   مہبطِ رُوحُ الامین ہو
رحمۃٌ للعالمین ہو   یا رسول السلام علیکم

جسمِ دیں کے چار عنصر   چرخِ دیں کے چار اختر
بزمِ دیں کے چار سرور   یا رسول السلام علیکم

چار سو ہے دھوم ان کی   ہند سے تا رُوم ان کی
شان ہے معلوم ان کی   یا رسول السلام علیکم

تیرے در پر ہم ہیں سائل   تیری جانب ہم ہیں مائل
کیجیے حل سب کے مشکل   یا رسول السلام علیکم

نابکار آیا ہے در پر   دلفگار آیا ہے در پر
ستمگار آیا ہے در پر   یا رسول السلام علیکم

تیری عظمت ہے ہر عظمت سے اعظم	ترحّم یا نبی اللہ ترحّم
تیرے اکرام سے ہیں سب مکرّم	〃 〃 〃
تیرے آگے ہیں سب عالم کے سر خم	〃 〃 〃
تیرا دیدار ہے زخموں کا مرہم	〃 〃 〃
ہوئی اُمت کی حالت سخت برہم	〃 〃 〃
غموں میں ہے خوشی ہم سب کی مدغم	〃 〃 〃
لبوں پر آگئی ہے جانِ عالم	〃 〃 〃
کرم کر ہاں کرم کر ہم پہ پیہم	〃 〃 〃

کس طرح مجھ سے بیاں ہو شانِ ختم المرسلین
اک قدم فرشِ زمیں پہ ایک بر عرشِ بریں
ہے صفت قرآں میں ان کی رحمۃً للعٰلمین
وہ ہیں مرغوبِ جہاں محبوبِ ربّ العالمین

انکسار و عجز پر مشتاق ربّ ذوالمنن
مسجدِ اقصیٰ میں ان کے مقتدی ہیں مرسلیں

آرہا سج دھج کے سے فردوس سے ان کا براق
غاشیہ بردار ہے اور دل میں جبریلِ امیں

آگے آگے تھا نشانِ نصرت و فتح و ظفر
پیچھے پیچھے فوجِ رحمت موج زن ان کے قریں

گونجتی تھی نعرۂ اللّٰہ اکبر سے فضا
ولولہ اور غلغلہ سے زلزلے میں تھی زمیں

ہو رہا اعلانِ فتحِ مکّہ بامِ کعبہ سے
بامِ کعبہ پر غلام اور نائبِ حق بر زمیں

دشمنوں کو تھا یقیں مکّہ میں ہوگا قتلِ عام
ملحمت میں مرحمت کا ہوگیا عین الیقیں

اللہ اللہ رحمۃ للعٰلمینی آپ کی
طورِ رحمت نورِ رحمت نورِ ربّ العٰلمیں

دشمنانِ دینِ حق سے مصطفےٰ کا یہ سلوک
شانِ رحمت جانِ رحمت رحمۃ للعالمیں

خوانِ نعمت جھاڑنے پر استخواں کا منتظر
ہے سگِ دربار یعنے کامگارِ دلِ حزیں

جدائی سے تیری ویراں ہے عالم
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم
پریشاں اور حیراں نسلِ آدم
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم

خوشی غم سے ہوئی ساری مبدّل
پریشانی ہے چھائی دل میں مکمل
ہے رگ رگ میں سمایا بس ترا غم
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم

تیرے نقشِ قدم ہیں یہ ستارے
شبِ اسریٰ کے سارے ہیں اشارے
تیرے زیرِ قدم عرشِ معظّم
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم

امام الانبیا ہے ذات تیری
شبِ معراج شاہا رات تیری
تیری عظمت ہے ہر عظمت سے اعظم
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم

ترا دیدار دیدارِ خدا ہے
ترا گفتار گفتارِ خدا ہے
ترا کردار قرآنِ معظّم
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم

کرم کی ہو نظر شاہا ادھر بھی
جھلک ہو نور کی ماہا ادھر بھی

ہوا شیرازۂ ملت ہے برہم
مساجد میں کوئی رونق نہیں ہے
اُمنگیں یاس میں ساری ہیں یا غم
ہُوا احساس دل میں کمتری کا
ملی سُستی ہے اب پستی ہے یا ہم
دُعا کیجئے عطا جذبِ دروں ہو
سروں پر لہلہائے تیرا پرچم
کھڑا ہے داغدار اک تیرے در پر
تیری ہی آس پر کٹتا ہے دم دم

ترحّم یا نبی اللہ ترحّم
معابد میں کوئی رونق نہیں ہے
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم
پڑا سایہ ہے ہم پر ابتری کا
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم
دلوں میں ہو تو ایماں کا جنوں ہو
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم
پڑا ہے گناہگار اک خاک بر سر
ترحّم یا نبی اللہ ترحّم

○

تیری چوکھٹ کے لئے لایا ہوں ہندوستان سے
ایک سجدہ پھر رہا ماتھے میں جو بن کر لہو
لا کی دو تلوار لا کر کافرِ دیر بتہ کو
دیکھ لینا کیسے گرجے نعرۂ اَللہ ھُو

پا رہا پھر پور حصہ تیرے در سے اِک جہاں
طور سینا سے میرے جلوے چھپاتا کیوں ہے تو
چھپکے کہتا ہوں خدا سے اور تجھ سے برملا
وہ چھپا ہے یا محمد، آپ میرے روبرو

عرش جن کا اِک قدم اِک جست جن کی لامکاں
ایک خاکی سے ہو کیسے مرتبہ اُن کا بیاں
اللہ اللہ احمدِ بے میم کا نوری بدن ...
نورِ حق ذاتِ محمدؐ اور لحمکؐ کے جسم و جاں
الغرض دیکھا جو دیکھا اور سُنا جو کچھ سُنا
راز مَا اَوحیٰ بعبدہٖ کا ہے فرقاں سے عیاں
گفتگو کرلی الف نے میم سے پردے میں تھی
لام سدرہ میں رُکا جلنے لگے بالِ پراں
میم کا بند کمر باندھا احد نے غور کر
یہ جتن کرتا نہیں تو تھا سما سکتا کہاں

جب وہ ظلِ اللہ تھے پھر سایہ کیسے آپ کا
نور کے سایہ کا سایہ ہے بھلا ممکن کہاں

تھا یدُ اللہ فوقَ ایدیھم نبیؐ کا دستِ پاک
مَا رَمَیۡتَ اِذۡ رَمَیۡتَ رمیِ حق ہے بیگمان

اُنؐ کے پیرو ہیں بلاشک جملہ محبوبانِ حق[1]
پائے کمترِ مورِ مسکیں کے لئے ہے نردبان

کر رہا تعریف احمدؐ سا گنہگارِ خام کار
معصیت آلودہ نے پائی ہے یہ جرأت کہاں

رُباعی

"لوگ کہتے ہیں محمدؐ عرشِ اعلےٰ پہ گئے"[2]
عرش تو تھا فرش پا انداز پاؤں کے تلے
مسجدِ اقصےٰ کا جب پوچھا گیا چون و چگون
تو رکھی رُوح الامیں نے لاکے آنکھوں کے تلے

---

[1] تلمیح آیت اِن کُنتُم تحبونَ اللہ۔ [2] مصرعہ ترجمہ سرمدؒ

دل میں میرے تمنّا ہے جان دیتے دیتے
آنکھوں سے تجھ کو دیکھوں اور ان میں تُو ہی تُو ہو

آئینہ ہو میرا دل، دل میں تیرا تصوّر
سر میں ہو تیرا سودا اور دل میں تُو ہی تُو ہو

ناکام ہو کے جائے بالیں سے میرے شیطاں
موقع نہ ہو میسّر اُس کو کہ دو بدو ہو

ہو سُو بسُو بھی تو ہی اور روبرو بھی تو ہی
دل دل ہو تجھ پہ قرباں اور تو ہی روبرو ہو

بس ایک ہی تمنّا ہو گی بھی تھی کبھی، ہے بھی
مقصد میرا بھی تو ہو اور تو ہی آرزو ہو

اس کا گنہگار عاصی کی بس یہ آرزو ہے
کھُل دو چشم بینا تیری ہی خاک کُو ہو

○

آج ہفت اقلیم ہیں نازندہ بر عرشِ عظیم
انتظارِ احمدِ مرسل میں ہے ربّ الکریم

وہ صدائے کُن فکاں ہے لامکاں ہیں محوِ راز
طور پر ہیں دُور سے ہی دیکھ کر مغشی کلیم

وہ مکین لامکاں سے محو در رازو نیاز
نورِ احمد اور احد سے ہے منوّر وہ حریم

نور کی لہروں سے ہے سنبل فروشی کرتی رات
دے رہا بدلے میں رضواں گیسوئے حورِ نعیم

اَرِنی اَرِنی کہہ کے جو تھا منتظر دیدار کا
لن ترانی سُن کے خاموش ہو گیا ہے وہ ندیم

وادیٔ قدسِ طُویٰ میں خلع نعلین لازمی
ان کی نعلین سے رُکا ہے رعشۂ عرشِ عظیم

طورِ جلوے سے جلا غش کھا گئے موسیٰ کلیم
ہوش کیسی منقلب ہی ہو گیا قالب سلیم

طور سے فاران آکر نور سے ہو مستنیر
تو مِنّ تنصرنّ یاد فرما اے کلیم
ہے مصدق قَدْ اَطَاعَ اللہ بر یُطِعِ الرسول
جو قدم ان کے قدم پر ہے وہی ہے مستقیم
آتشِ ہجراں میں جھلسی جا رہی ہیں استخواں
اپنے دم سے زندہ فرما دیجئے عظیم رحیم
نعتِ خیر المرسلیں کہکر ہوا ہوں کامگار
آخری دم تک نہ لوں گا دم یہ ہے عزمِ صمیم

قدم قدم پر بچھاؤں آنکھیں
قدم قدم کی میں لوں بلائیں
خوشی کے دن پھر پلٹ کے آئیں
وہ شاہِ شاہاں ادھر جو آئیں
یہ دَور دوراں تو دردِ سر ہے
نہیں نہیں ہے آفتِ جگر ہے
مرض مٹیں دور ہوں بلائیں
وہ شاہِ شاہاں ادھر جو آئیں
قدم ہی کے پیوں میں دھو دھو
سناؤں احوال اپنے رو رو
نظر کرم کی تو کر کے جائیں
وہ شاہِ شاہاں ادھر جو آئیں

یہ ہم نے سنگِ سیاہ دیکھا — نشانِ پشت و پناہ دیکھا
کھلیں ہدایت کی ہم پہ راہیں — وہ شاہ شاہاں اِدھر جو آئیں
غلاف کے بند کھل رہے ہیں — دریچے رحمت کے کھل رہے ہیں
چلیں گی رحمت کی اب گھٹائیں — وہ شاہِ شاہاں اِدھر جو آئیں
یہ دِل کا پتھر ہو نرم یارب — یہ سرد خوں بھی ہو گرم یارب
قبول ہو یہ میری دُعائیں — وہ شاہ شاہاں اِدھر جو آئیں

محمدؐ کی اطاعت نے چڑھایا ہم کو رنگ ایسا
قیامت تک اُتر سکتا نہیں جو ہے یہ رنگ ایسا
چڑھا دو سب یہی اک رنگ اپنے دین و ایماں کو
اسی اک رنگ میں رنگو سب اپنے صدق و ایقاں
نہیں اس رنگ سے بہتر کوئی بھی رنگ دُنیا میں
جو باقی رنگ ہیں سب ننگ ہیں دُنیا و عقبیٰ میں
یہی ہے صبغۃ اللہ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللہ
یہی ہے نعمت اللہ کی ۔ یہی ہے رحمت اللہ

یہی رنگ ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ ہے
یہی رنگ عبیدؓ و خالدؓ و ضرارؓ و بوذرؓ ہے
جو سچ پوچھو شریعت کے یہی اربع عناصر ہیں
طریقت معرفت کے اور حقیقت کے منابر ہیں
یہ چاروں رکنِ پاکِ دینِ اقدس اور اطہر ہیں
یہی بنیاد اور چھت ہیں یہی دیوار اور در ہیں
اسی مجموعۂ اطہر سے یہ گھر ایستادہ ہے
اسی دارِ نبوت میں عرب کا شاہزادہ ہے
تحیات و صلوٰۃ ان پر درود ان پر سلام ان پر
صلوٰۃ زاکیات ان پر درود ان پر سلام ان پر
دعائے کامگارِ پُر خطا مقبول ہو یا رب
صلاحیت پہ مبنی اپنا ہر معمول ہو یا رب

یہ کیا وقت ہے، ملتا نہیں انساں کا سایہ بھی
مقدس وقت تھا جس میں وہ اک بے سایہ انسان تھا

اُنہیں جو نورِ باطن تھا نہ کیا کچھ دیکھ سکتے تھے
مجسّم نورِ یزداں تھا وہ اِک بے سایہ انساں تھا

وہ نورالنّور تھا وہ نورِ نورِ حق تعالےٰ تھا
دنیٰ تھا بلکہ ادادنیٰ وہ اِک بے سایہ انساں تھا

لگی تیدِ کمر میں بند جب باندھی کمراں کی
گِرا خود تید نیچے تھا وہ اک بے سایہ انساں تھا

بھلا نورِ الٰہی باندھ سکتا ہے کبھی کوئی
وہ تھا خیر البشر مثل البشری تھا وہ اک بے سایہ انساں تھا

زمین و آسماں کے نور کا تھا پرتوِ نوری
وہ نورِ طاق نوری تھا وہ اِک بے سایہ انساں تھا

حیاتِ اُخروی افضل حیاتِ ابتدائی سے
وہ مظہرِ والضحیٰ کا تھا ، وہ اِک بے سایہ انساں تھا

اُسی کی شان میں نازل ہوا تھا سَوفَ یُعطِیکَ
فترضیٰ اُس سے وعدہ تھا وہ اِک بے سایہ انساں تھا

وہ تھا مثلِ بشر لیکن نہ تھا اُس سا بشر کوئی
وہ مہبطِ وحیِ حق کا تھا وہ اِک بے سایہ انساں تھا

وہ بے سایہ تھا لیکن زیرِ سایہ دو جہاں اس کے
سراپا رحمتِ حق تھا، وہ اِک بے سایہ انساں تھا
قیامت کی تمازت کا ہمیں کیا خوف محشر میں
سراسر ظلِّ رحمت تھا، وہ اِک بے سایہ انساں تھا

رسولِ عرب سب رسولوں سے بہتر
اصول ان کے ہیں سب اصولوں سے بہتر

گلستانِ تکوین کونین کے اندر
یہی پھول ہے سارے پھولوں سے بہتر

جو چبھتے ہیں تو دل میں آتی ہے لذت
مدینے کے کانٹے ہیں پھولوں سے بہتر

نبی کے قوانین ہیں آئینِ فطرت
عدالت ہے سارے عدولوں سے بہتر

مقامِ نبی سب مقاموں سے اعلیٰ
مقالِ نبی سب مقولوں سے بہتر

یہ مکتب ہے تعلیمِ دینِ نبیؐ کا
یہ مکتب ہے سارے سکولوں سے بہتر

تہِ دل سے مانا ہر اک ذی خرد نے
خصالِ نبیؐ سب خصولوں سے بہتر

جو ناکام تھے کامگار اب ہوئے ہیں
وہ بدّو ہیں سب ذی عقولوں سے بہتر

مثلِ بشر تھے لیکن اِن سا بشر نہ کوئی۔
گوہر ہے گرچہ پتھر پتھر گہر نہ کوئی

پیچوں بے چگوں کو آنکھوں سے جس نے دیکھا
کون و مکاں میں ایسا صاحبِ نظر نہ کوئی

جانِ جہاں نبی کی سوگند ہے لعمرک
نوعِ بشر میں اِن سا لیکن بشر نہ کوئی

آدم ابو البشر ہے اور انبیاء بشر ہیں
سب انبیاء ہیں لیکن خیر البشر نہ کوئی

آئے ہیں اور بھی تو معجز نما پیمبر
ان سب میں کر سکا ہے شقّ القمر نہ کوئی

نوری بدن پہ ان کے بیٹھی کبھی نہ مکھی
باندھی گئی کمر پر بندِ کمر نہ کوئی

اس شاہکار جیسا نوری عذار جیسا
تقدیر نے بنایا بارِ دگر نہ کوئی

قامت تھی کیا قیامت قد قامت القیامت
بے سایہ ہو جو قامت ایسا بشر نہ کوئی

تھا بدر و قبر و غار و اسلام میں جو ثانی
صحبِ نبی میں ایسا تھا بے خطر نہ کوئی

سایہ سے جس کے شیطاں راہِ فرار لیتا
مثلِ عمرؓ تھا پُر دل بارعب فر نہ کوئی

دو نور سے منوّر ذاتِ شریف عثمانؓ
مظلوم سب میں ان سے بڑھکر مگر نہ کوئی

ہجرت کی رات سویا بستر پہ جو نبیؐ کے
خیبر شکن علیؓ سا صاحب جگر نہ کوئی

نعم الجمل محمدؐ نعم الشباب حسنینؓ
دُرجِ نبی میں ان سا دُرّ و گہر نہ کوئی

اے رحمتِ مجسّمؐ ہم پر بھی اک نظر ہو
واللہ ہم سا بے سر اور بے ہنر نہ کوئی

لاکھوں تیرے ثنا خواں، جن و بشر فرشتے
اِس کامگار جیسا ننگِ ب[illegible]

اللہ اللہ سب سے اعلیٰ شانِ حق سبحان ہے
اللہ اللہ جانِ رحمت احمدِ ذی شان ہے

شان ہے لولاک اُن کی وہ ہیں وجہ کُن فکان
رو برو ہے مایکون اور سامنے ما کان ہے

جلوۂ نورِ نبی سے جو مجلّیٰ ہو گیا۔
وہ جلیل المرتبت ہے اور عالیشان ہے

مَن رَاٰنی قد رای الحق شانِ احمد مجتبیٰ
رُویتِ روئے محمد ﷺ رویت رحمان ہے

فَوقَ اَیدِیھِم یَدُ اللہ یعنی دستِ مصطفیٰ
مَا رَمَیتَ اِذ رَمَیتَ دستِ حق سبحان ہے

آپ ہیں آئینۂ حق آپ ہیں حق جلوہ گر
جلوۂ ذاتِ احد احمد میں کیا رخشان ہے

آپ اُس کے آپ کا وہ ماسویٰ سب آپ کا
...ہٗ و رسولہٗ کی ہُو میں مخفی شان ہے

اپنی خواہش سے نہیں نطقِ نبی ہے وحیِ حق
بول بالا آپ کا ہر لحظہ و ہر آن ہے

لیلۃ المعراج کیا ہے، وہ تو ہے دعوت کی شب
میزباں اللہ ہے اور مصطفےٰ مہمان ہے

گر خدا سے پیار ہے تو پیروی میری کرو
حق کرے گا پیار تم سے حق کا یہ فرمان ہے

اپنی ہمنامی کا رتبہ آپ کو حق نے دیا
سب سے بڑھ کر شان احمد بعدِ حق سبحان ہے

وہ رؤف تو رؤف وہ رحیم تو رحیم
اپنی وصفوں سے کیا موصوف یہ قرآن ہے

اک اشارے سے قمر کا چاک سینہ ہوگیا
کیا نہیں آیا پلٹ کر نیّر تابان ہے

کھل گئے ہیں جو شبِ اسریٰ میں اسرار و رموز
بے خبر اُن سے کراماً کاتبیں کا کان ہے

زندہ حق زندہ نبیؐ پائندہ آئینِ نبیؐ
سرمدی آئین ہے، اور سرمدی برہان ہے

قاسمِ رحمت کے آگے گنہگار، دلفگار
ہاتھ پھیلائے ہوئے کھولے ہوئے داماں ہے

شبِ اسریٰ کے دولہا احمدِ مختارؐ کا دِن ہے
مبارک ہو مدینے شہِ طیبہ میرے سرکار کا دن ہے
حبیبِ حق، محمدؐ مصطفےٰ شاہنشہِ کونین
حیاتِ جاوداں کے چشمۂ سرشار کا دن ہے

یہ میلادِ محمدؐ ہے، یہی یومِ شفاعت ہے
شفیع المذنبیں یعنی شہِ ابرار کا دن ہے
طبیبِ دل حکیمِ جان کلیمِ طورِ او ادنےٰ
رسول اللہ حبیبِ ایزدِ دادار کا دن ہے
شریعت کا طریقت کا نبوت کا رسالت کا
شفاعت کا شفا کے ابرِ گوہربار کا دن ہے

اے تشنہ ضمیر و ابرِ یکسانِ محمدؐ سے
بجھاؤ پیاس واللہ رحمتِ دادار کا دن ہے

سمندرِ معرفت کا مارنا ہے آج کیا موجیں
یہ ٹھاٹھیں مارنا کیا ابحرِ ذخار کا دن ہے
اگر اے کامگار اب بھی نہ ہو پُر دامنِ مقصد
تو بس سمجھو ابھی باقی کوئی ادبار کا دن ہے

شہسوارِ لیلۃُ الاسریٰ امام المتقین
احمدِ بے میم محبوبِ الٰہ العالمین
زیرِ ران مہمانِ باری کے بُراقِ برق پا
اردلی رُوح الامین ہے اور طفیلی مرسلین
کہکشاں گردِ قدم ہے اور ستارے نقشِ سُم
تا قیامت یہ نشاں قائم رہیں گے بالیقیں
ہے مسافت اک قدم کی فرش تا عرشِ علا
دے رہی معراج کی شب یہ سبق [illegible] مومنین
اِس سبق کو بھول کر چلتے ہیں کیوں معکوس ہم
یہ روش تو ہم کو لے جاتی ہے سوئے [illegible]

چشم بستہ قوم ہو، جب اور اندھے قائدین
دِن دہاڑے ہی دکھاتے ہیں طریقِ الہالکین

کاش بعد المشرقیں ہو اس غرابُ البین سے
نورِ الصاری الٰہی بہر ختم المرسلین

چاند سے آگے بڑھے سیّارہ بن کر فلسفی
یا و را و الف و قاف اب تک نہ سمجھے مسلمیں

تار، لاسلکی پہ اور ٹیلی ویژن پر مطمئن
کس طرح صلوٰۃ سُن سکتے نبیؐ ممکن نہیں

پڑھتے ہیں ہر روز اللہ ہے ہر اک شے پر قدیر
قدرتِ حق، رحمتِ حق پر مگر ایقاں نہیں

عہد و پیمانِ ازل توثیق کا محتاج ہے
دامن عہمات اسے تھام از صدق و یقین

اس جہادِ زندگانی کا اگر غازی ہے تو
رکھ محبت کر عمل پیہم، تو محکم رکھ یقیں

ہے نکما آپ، لیکن بات ہے یہ کام کی
خام کاری کا مگر اب کام آسکتی نہیں

پیمبر سب ستارے ہیں، محمدؐ نیرِ اعظم
وہ نجماً نجماً آئے تھے، یہ روشن ہو گئے یکدم
طلوعِ فجر سے ہونے لگی اُن میں تُنک تابی
ضیا پاشی سے ان کی سب ستارے ہو گئے مدہم
ضیائے نورِ احمد سے ہوئی کافور سب ظلمت
ہُوا پُر نور اس سے سو بسو ہر گوشۂ عالم
علم آئینِ حق کا لہلہایا جب محمدؐ نے
گرے باطل کے جھنڈے چاک ان کے ہو گئے پرچم
فرشتوں کی جبینیں شادمانی سے چمک اُٹھیں
ابالیسوں کے چیلے چانٹے سب رونے لگے چھم چھم
اکڑ خانوں کے ماتھے سجدہ ریزی پر ہوئے مائل
گرے تب قلعۂ طاغوت پر توحید حق [illegible] کے یم
یتیمِ ہاشمی نے جب لگایا نعرۂ اللہ
گرے سجدے میں سوئے قیصر و نوشیر[illegible]

گرے سب نسر و فسر و دُ یعوق و نابلہ اُوندھے
ہوئے اک نعرۂ تکبیر سے سب درہم و برہم

مِلایا خالقِ یکتا نے بچھڑے بگڑے بندوں کو
چھُڑایا قبضۂ اصنام سے بیتُ اللہ اعظم

کیا اب مسجد اقصٰے پہ گر قبضہ یہودوں نے
کرینگے پھر کسی فاروق کے آگے یہ سب سرخم

یہ روزِ بد دکھایا شامتِ اعمال نے ہم کو
یہ پھر بدلے گا، لازم ہے کہ کروٹ پہلے بدلیں ہم

یقیناً وقت کا مرہون ہے ہر امرِ آئندہ
بدلتا ہے زمانہ رنگ اپنا دمبدم پیہم

بدلتے رنگ کے اِن پرچموں میں اِک تلوّن ہے
دکھا یا رب وہ یک رنگا ہلالِ احمری پرچم

شیاطینوں کا ہے دامِ دجل پھیلا ہُوا ہر سو
مگر سُستی میں ہے ہر شے سے تارِ عنکبوت اَوہن

پکڑ لیں گے جو مضبوطی سے دامانِ محمّدؐ کو
پریشانی سے کوئی واسطہ ان کو نہ کوئی غم

محمد مصطفٰےؐ کی پیروی میں کامگاری ہے
وگرنہ زندگی ہوجائے گی سب درہم وبرہم

کاش دیکھوں میں کبھی روئے رسول عربیؐ
اور مہکتے ہوئے گیسوئے رسول عربیؐ
مست دیدار سے ہوں چشم سیہ کار میری
سر ہو سرمست بہ خوشبوئے رسول عربیؐ
سامنے نوح ہوں اور رُوح رواں ہو جائے
ضوفگن مجھ پہ ہو مہر روئے رسول عربیؐ
میری تقدیر کا خم راست نہ ہو پھر کیوں
ہے نظر میں خم ابروئے رسول عربیؐ
طوبیٰ وسدرہ سبھی سرو جناں بھول گئے
ہے نظر میں قد دل جوئے رسول عربیؐ
تا قیامت نہ اُٹھے گی یہ جبین جو گھٹ سے
ٹکٹکی دل نے باندھی سوئے رسول عربیؐ

ہوگیا خاتم تقدیر کا نقشہ سیدھا
جب دھرا پیش سگِ کوئے رسولِ عربیؐ

ہے لعمرک کی قسم جانِ محمدؐ کی قسم
بقعۂ نور ہے مشکوئے رسولِ عربیؐ

کامگار آج نہ کیوں کام و دہاں ہو شیریں
پڑھ کے توصیف خدو خوئے رسولِ عربیؐ

ہر سو ہے آمد آمد ہر سو خوشی مسرّت
لاکھوں ہی قمقموں سے آراستہ فلک ہیں

سیّاح لامکاں کی وہ آرہی سواری
اردل میں جبرئیل اور صف بستہ سب ملک ہیں

حضرت کے زیرِ راں ہے نوری براق جنت
جاروب کش ہیں حوریں جاروب سب پلک ہیں

جاروب لے کے لا کا اِلّا پکارتی ہیں
محوِ لقا ہے مولا مشتاق سب ملک ہیں

بُرج زمین سے نکلا ہے نیّرِ مُعظّم
تسلیم کر کے عظمت سب جھم کر فلک ہیں
تحت الثّریٰ سے چمکا اِک نور تا ثریّا
چاروں طرف منوّر از خاک تا فلک ہیں
ہے گردِ راہ کہکشں نقشِ قدم ستارے
دونوں نشان فضا میں موجوداتِ فلک میں
گیسوئے مصطفےٰ جو دونوں طرف ہیں بکھرے
دونوں جہاں کے دِل ان دونوں سے منسلک ہیں
رضوان کر رہا ہے جنّت کے دُر نچھاور
بکھرے ہوئے یہ موتی بر صفحۂ فلک ہیں
دیجور ریت و ہا ہتم ظلمت کدہ تھا شب کا
بدرِ زمین نے چڑھ کر روشن کئے فلک ۔
نوُری نبی برحق احمد نبیؐ برحق
رحمت کے ہیں سمندر اور سب کے مشترک ہیں ۔
ہے کا مگار لایا لغتِ نبیؐ کی مالا
شاہنشہِ عرب کا ہر جا ہے [illegible]

وہ جو تھے نورِ مجسم اسلئے سایہ نہ تھا
دو جہاں میں آپ کا کوئی بھی ہم پایہ نہ تھا
دُوں مثال ان کی تو کیسے دوں وہ خیر الخلق تھے
آج تک اُن سا کوئی آیا نہیں آیا نہ تھا
بے مثل معشوق تھا اور اُس کا عاشق بے مثل
بے مثل کو بے مثل کا ہم مثل بھایا نہ تھا
ہے مثل آدم صفی عیسیٰ مسیح کی ایک سی
خاتم و خیر الرسل لیکن کوئی آیا نہ تھا
ز المثل مثلِ بشر تھا گو بجسمِ عنصری
لامکاں سے دم زدن میں کیا گیا آیا نہ تھا
جب بنا بھیجا اُسے پھر کیا بنا بھیجا کوئی
آنا کیسے اور کہاں سے جب جنا جایا نہ تھا
اُس کی تعریفوں سے پُر توریت و انجیل و زبور
بربطِ داؤد نے کیا اِس کا گُن گایا نہ تھا

ذکر اُس کا کس کتابِ آسمانی میں نہیں
کس میں اس کی ذات کا ذکرِ گرانمایہ نہ تھا

انبیاء کے ماسبق سے ہے کوئی ایسا نبیؐ
اس کی تشریف آوری کی جو خبر لایا نہ تھا

سنگریزے بول اُٹھے دوڑے شجر ٹوٹا قمر
اِک شقی القلب تھا جس کو یقیں آیا نہ تھا

رہبرانِ دین سارے کر چکے ہیں حق ادا
کور و کر کی فہم میں آنا نہ تھا آیا نہ تھا

کون ہے تو اور تیری کیا بساط اے کامگار
مثل کم تھا مِثلہٗ کوئی مگر آیا نہ تھا

والضحیٰ و سیرِ اسریٰ کو چلے جب لیل میں
مقتدی بن کر تھے آئے مرسلیں اک خیل میں

ل میں تھے اونچی اونچی شان والے انبیاء
اللہ اللہ سروری کی شان تھی محفل میں

اردلی انسانِ کامل کے تھے جبریل امینؑ
تھا فرشتوں کا اُمڈ آیا سمندر سیل میں

کہکشاں کیا ہے، بُراقِ برق پا کی شاہراہ
نعل کی چنگاریاں جیسے ستارے نیل میں

جملہ ارواحِ خبیثہ اور شیاطینِ لعین
تھے سلاسل بند سب لعنت کی کالی جیل میں

منکرانِ دینِ برحق اور اعدائے نبیؐ
سب کے سب واللہ آئے ہیں انہی کی ذیل میں

ذرہ بھر ہو جنمیں ایماں ہونگے وہ بھی کامگار
ان کے بہہ جائینگے عصیاں مغفرت کے سیل میں

وہ کوہِ طورِ سینا کا سوالی
یہ مہمانِ حریمِ لامکاں ہے

انہیں لائے فرشتے منّ و سلویٰ
اور اس مہماں کا وہ خود میزباں ہے

اُتارا برتنوں میں منّ و سلویٰ
چُنا یاں خوانِ نعمائے جناں ہے

تکلّم کا شرف سینا پہ اُن کو
مگر احمد ندیمِ لامکاں ہے

سجائے فرش پر نوری ستارے
پئے گلگشت عرش آسماں ہے

ہیں مہر و مہ دو نعلِ نقشِ احمد
غبارِ راہ مرکب کہکشاں ہے

خضر ظلمات سے تشنہ ہی لایا
یہ نورانی فضا کا میہماں ہے

پئے روح الامین جاروبِ رہ ہیں
وہ خود پائے نبی پر پر فشاں ہے

مشرف تھا وہاں ملکوت سارا
یہاں بھی منتظر سارا جہاں ہے

محمدؐ مصطفےٰ ہیں کانِ رحمت
یہ شانِ جانِ رحمت بےگماں ہے

نبیؑ ان کی ہر اک ادا پر فدا ہیں
اسی در کے آگے ولی سب گدا ہیں

خدا کی خدائی ہے مشتاق ان کی
اسی عشق میں سب کے سب مبتلا ہیں

غلام انکے آزاد ہیں رنج و غم سے
کہ انکے اشارے ہی سب غمزدا ہیں

سزاوارِ دیدار ان کے فدائی
جو دشمن ہیں انکے بڑے ناسزا ہیں

کرشمے یہ انکے اشارے پہ ان کے
جو چلتے پہ ہیں وہ مردِ خدا ہیں

خدا کی اطاعت ہے انکی اطاعت
مطیعانِ احمد مطیعِ خدا ہیں

ہدایت کی مشعل ہیں شمس الضحیٰ ہیں
وہ بدر الدجیٰ ہیں وہ نور الہدیٰ ہیں

ہر اک جن و انس کیلئے ہیں وہ رحمت
وہ خیر الوریٰ ہیں وہ فضلِ خدا ہیں

ہیں آیت خدا کی تو رائیت خدا کی ضلالت جہاں میں نور الہدیٰ ہیں
ملی نابکاروں کو ہے کامگاری
کہ وہ رحمتیں سایہ افگن سدا ہیں

بوالبشر ہیں حضرت آدم صفی باصفا
اور خلیل اللہ ابراہیم ابُ الانبیاء
خاتم پیغمبراں احمد محمد مصطفےٰ
حضرتِ خیر الرسل خیر البشر خیر الوریٰ
آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے
آمنہ ہیں والدہ اور باپ عبد اللہ ہیں
مہبط روحُ الامین ہیں آپ عبدُ اللہ ہیں
عبدہٗ ورسولہٗ ہیں آپ عبد اللہ ہیں
پیکر نور الہدیٰ ہیں آپ عبدُ اللہ ہیں
(مذکورہ)

سب سے پہلے جو ہوا پیدا وہ ہے نورِ نبیؐ

جانتے ہو لامکاں کیا ہے، وہ ہے طورِ نبیؐ

پنج وقتی جو اذاں ہے، وہ تو ہے صورِ نبیؐ

حق کی خاطر جس نے گردن دی وہ ہے پورِ نبیؐ

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

شان ہے جس کی لعمرک والضحیٰ تعریف رو

یائے بسم اللہ سے والناس تک توصیف خو

سب کے سنی عید و عبادا ور ایک ہی وہ عیدہٗ

یا ہمی اَدحیٰ وَمَا اَدحیٰ ہے ان کی گفتگو

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے،
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے،

بےمثل کے بےمثل محبوب ہیں اپنے نبیؐ

بےبدل کے بےبدل مطلوب ہیں اپنے نبیؐ

آپ سے راغب خدا مرغوب ہیں اپنے نبیؐ

رحمت و الطاف سے منسوب ہیں ا[illegible]

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

آپ ہیں مثل بشر ایسا بشر کوئی نہیں
ہے گہر بھی تو حجر ایسا حجر کوئی نہیں
رُخ تو ہے مثل قمر ایسا قمر کوئی نہیں
بعد حق ہیں آپ برتر اور کوئی برتر نہیں

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

مولود

وقت زادن قصر کسریٰ کے وہ چودہ کنگرے
گر گئے آتشکدے آناً فاناً بجھ گئے
بندش، باراں کے باعث جو جو رقیب تھے جلے
رحمۃ للعلمین آکر ہوئے سارے ہرے

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

آسیہ اور مریم صدیقہ دونوں آگئیں
وقتِ تولیدِ محمدؐ مِل کے دونوں آگئیں
آمنہ کی کرنے خدمت مِل کے دونوں آگئیں
آپ کی تکریم کی خاطر وہ دونوں آگئیں
آپؐ ہیں مِثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

مِعراج

بے خبر معراج کو کہتے ہیں روحانی ہُوا
عالمِ رُویا میں سیرِ عرشِ سُبحانی ہوا
لفظِ سُبحٰن الذی کیا اِتنا ارزانی ہُوا
خواب میں اسرٰی بعبدہٖ پڑھ کہ روحانی ہوا
آپ ہیں مِثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے
کیا بُراقِ برق پا کی رُوح بھی محتاج تھی
اردلی کی رات میں کیا رُوح بھی...

مُنشرح سینہ ہے کس کا کس کی دعوت آج تھی
نور کی کشتی بھلا کیا نوح کی محتاج تھی
آپ ہیں مثل بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

مرسلیتوں پر عیاں وہ آج جسمانی ہوا
اور امام الانبیاء وہ آج جسمانی ہوا
نور لبوں پر وہ نمایاں آج جسمانی ہوا
مُتفق ہیں اس پہ سب معراج جسمانی ہوا
آپ ہیں مثل بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

کچھ تو کہتے ہیں کہ اُترا لامکاں ہی آپ تھا
اس زمیں پہ نیچے اُترا آسماں ہی آپ تھا
شیشہ [illegible] ن نبیؐ میں ضوفشاں ہی آپ تھا
عاشقِ حسنِ محمدؐ میزباں ہی آپ تھا
آپ ہیں مثل بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

لن ترانی تھا وہاں اور مَنْ رَاٰنی ہے یہاں
موسئ عمراں وہاں معشوقِ یزدانی یہاں
وہ تو ناممکن تھا لیکن ہے یہ امکانی یہاں
وہ جبل پر تھی تجلّی، لامکانی ہے یہاں
آپ ہیں مثل بشر اِس پر میرا ایمان ہے،
آپ ہیں خیر البشر اِس پہ میرا ایمان ہے،
دیکھنے سے تھا جو باہر وہ یہاں دیکھا گیا
سیکھنے سے تھا جو باہر وہ یہاں سیکھا گیا
بہر غفرانِ اُمم روتے رہے چیخا گیا
مثل آدم مغفرت کا گُر یہاں سیکھا گیا
آپ ہیں مثل بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے
گفتگو کا ماحصل تھا ایک میں اور ایک تو
سب کا رازق اور معطی میں ہوں قاسم تو ہی تو
حسن تیرا آئینہ آئینہ میں، میں ہو بہو۔
میں ہوں تیرا تو میرا اور باعث کُن ...

آپ ہیں مثل بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

معجزات

دو جہاں ہیں زیر سایہ آپ کا سایہ نہیں
انبیاؤں میں کسی کا ایسا پایہ ہی نہیں

مختصر ہے بات ایسا کوئی آیا ہی نہیں
ابتدا سے انتہا تک کوئی پایا ہی نہیں

آپ ہیں مثل بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

آپ بے کھائے پئے رکھتے رہے صوم وصال
دن تو دن تھا رات بھی تھی آپ کی یوم وصال

اے ص[illegible] ایسا کرنے کی نہیں تم کو مجال
ہے کھلاتا اور پلاتا مجھ کو ربّ ذو الجلال

آپ ہیں مثل بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

بند جب باندھی کمر پہ بندہی نیچے گرا
باندھنے والا ہے حیران بند جو نیچے گرا
بند باندھا جس کا تھا بے بندہی تھا وہ کھڑا
نور تھا جسم نبی نورِ مجسمؐ تھا کھڑا
آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے
مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ لٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی
فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ یَدُ اللّٰہِ یعنی دستِ مصطفےٰ
ہم تو کہہ سکتے نہ تھے لیکن ہے فرقاں نے کہا
کیا کسی کی ہے مجال اس میں تغیرؐ کی بھلا
آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے
پڑھ کے سنتؐ فجر کی قیلولہ بھی کرتے تھے آپ
پھر جماعت حاضرین کی پڑھا لیتے تھے آپ
اور اَبِیْتُ عِنْدَ رَبِّیْ صاف فرماتے تھے آپ
کیا اجازت ایسا کرنے کی کبھی دیتے

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

بعدِ رحلت منع کیوں تھا بہرِ ازواجِ نبیؐ
منع ہے قرآں سے ثابت بہرِ ازواجِ نبیؐ

منع تھی تنکیح کیوں از بہرِ ازواجِ نبیؐ
امتناع خاص تھا از بہرِ ازواجِ نبیؐ

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

اک اشارے سے تیرے واقع ہوا شق القمر
اک اشارے سے تیرے آتے رہے چل کر شجر

دے گواہی ہاتھ میں دیتے رہے مشتِ حجر
تیرے آئیں نے مٹائے سب کے سب رسم فجر

آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

آخرت بہتر زادِ لے موت بہتر از حیات
زار قبری بعد موتی زارنی قد فی الحیات

نام پر مر مٹنے والی آپ کے سب کائنات
مُسلمین و مُسلمات اور مومنین و مومنات
چونٹیوں نے حاضری دی ہے، سُلیماں کے حضور (مذکور)

اور فقیر ہے تو ہیں شاہِ شاہاں کے حضور
یہ گدا دیتے صدا ہیں آج سلطاں کے حضور
یہ سیہ قسمت ہیں سب خورشید تاباں کے حضور
آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

دلفگار آئے ہیں در پر اے ہمارے دلنواز
جاں نثار آئے ہیں در پر اے ہمارے جاں نواز
کامگار آیا ہے در پر بادلِ پُر صد گداز
آپ پر روشن ہیں واللہ سب کے [illegible]شیدہ راز
آپ ہیں مثلِ بشر اس پر میرا ایمان ہے
آپ ہیں خیر البشر اس پر میرا ایقان ہے

مُسافرِ حجازی سے

اے مسافرِ حجازی میرا سلام لے جا
اے زائرِ حجازی میرا سلام لے جا
احرام روضۂ شہ گھر سے ہی باندھ لینا
آقائے ابطحی تک عرضِ غلام لے جا
یہ آنسوؤں کی مالا میرے جگر کے ٹکڑے۔
بہرِ نثارِ راہِ خیر الانام لے جا
جالی پکڑ کے کہنا سب سرگذشت اپنی
رودادِ غم ہماری سب کاف و لام لیجا
اظہار کیسے ہوگی ہم سے دلی عقیدت۔
ان [illegible] سے بھر کے آنکھوں کے جام لیجا
پہلو میں ایک دل ہے اور وہ بھی ہے شکستہ
قندیل کی طرح وہ ہاتھوں سے تھام لیجا
سنگِ درِ مقدس پلکوں سے صاف کرنا
[illegible]بارتل کرہ وہ گرد فام لے جا

ہے گنہگار عاصی سرتاپا معاصی
عصیاں شعار کا اک عرض و سلام بیجا

رحمتِ عامہ محمدؐ کی ہو جس دم جلوہ تاب
اور شفاعت سے ہو عرصاتِ قیامت فیضیاب
اک حسن رہ جائے گا دوزخ میں وہی بخت سعید
سُنکے کودینگے جہنم میں شہ عزت مآب
ہونگے شفقت سے بغلگیر حسن روٹھے گا وہ
اس کو مناتے رہیں گے حضرت شفقت مآب
جب یہ قصہ حضرت بصری حسن نے سُن لیا
روتے روتے کی دُعا اے کاش ہو وہ مُستجاب
وہ حسن اے کاش ہوتا میں جو ہوں بصری حسن
اتنی مدت آگ میں رہ کر میں سہتا تھا عذاب
آتشِ دوزخ میں اتنی دیر رہنا ہے پسند
کاش لے لیتے بغل میں شافع لو…

اِن تیرے جذبات پر قربان ہو جاں کا مکاں
رحمتِ اللہ ہو تجھ پر الیٰ یوم الحساب

اے خدیجہؑ میری جاں ہو تیرے بالم پر نثار
آدم و اولادِ آدم تیرے بالم پر نثار

اپنے بالم پر کیا سب مال و جاں تو نے نثار
کر دیا سب دین و ایماں اپنے بالم پر نثار

جانِ رحمت کانِ رحمت کانِ الطاف و کرم
زبدۂ اولادِ آدم پر ہو سب عالم نثار

[illegible]ل و جاں قربان کیا ان کے مشن پر بیدریغ
مرحبا صد مرحبا کی جان بالم پر نثار

قدر [illegible] ہی جانے قدر جوہر جوہری
[illegible] تو نے کر دی اپنی جاں جانِ دو عالم پر نثار

اللہ اللہ مرحبا صد مرحبا پہچان پر
میری آنکھیں اور رگِ جاں تیرے بالم پر نثار

تیرا جوہر اور تیرے شوہر کا جوہر ہے۔ بتول رض
جوہرِ ایماں تیری بنتِ معظّم پر نثار

چشمۂ آبِ بقا اور روحِ اجسامِ جہاں
باعثِ ایجادِ عالم تیرے بالم پر نثار

جس ورق پر نعتِ پاکِ مصطفٰے مرقوم ہو
میری جاں ہو اُس کے ہر اِک سطر و کالم پر نثار

مال و جاں سب پیش کر کے آن رکھی دین کی
جو بھی تھا سب کر دیا ہے اپنے بالم پر نثار

جنسِ مستورات میں تو سابق الاسلام ہے
دینِ اجدادی کیا ہے تو نے بالم پر نثار

تو نے گھبراہٹ میں ڈھارس حضرت اقدس کو دی
زمّلونی سُن کے کر دی جان بالم پر نثار

کامگارِ بے نوا قرباں ترے ایثار پر
سب سے پہلی مومنہ پر ملکۃُ التجار پر

عرب کا ہر بشر بئس البدل انساں کا حیواں تھا
گراوٹ میں بنا یہ اشرف المخلوق شیطاں تھا

حجر کے سامنے جھکتا شجر کے آ منے گرتا
یہ کالانعام اور بل ھم اضل بھی نوع انساں تھا

خلاف آدمیت کام تھے اور نام تھا انساں
چڑھا لوزبہ پر گویا غلاف شکل انساں تھا

اچانک اک یتیم آیا کہ اک دُرِ یتیم آیا
وہ جس کے آتے آتے منکسر کسریٰ کا ایواں تھا

کیا غارِ حرا سے کھیت اس ماہِ رسالت نے
... کا ذرہ ذرہ بن گیا مہرِ درخشاں تھا

وہ جمعِ مرسلیں کا شمعِ ایواں گوہرِ تابا...
محمد مصطفےٰ انسانِ کامل فخرِ انسا...

وہ عبد اللہ کا نورِ نظر جب بطنِ مادر سے
...ا ہر تو ہنگامِ طلوعِ مہرِ رخشاں تھا

شہادت دی پہاڑوں آبشاروں مرغزاروں نے
رسالت کا نبوت کا مُقِر کوہ و بیاباں تھا

حبش کی خاک سے اِک سنبلِ پیچاں بلال آیا
جو دیکھا بعد چندے تو ہلالِ چرخِ ایماں تھا

اِدھر اِس خاکدانِ ہند سے بھی اک رتن نکلا
اُدھر بوجہل خاکِ مکہ کا اِک ننگ انساں تھا

وہ بصرہ سے بھی اِک صاحب بصر بصری حسن آیا
یہاں مستِ مئے عرفاں اُویسی جو شتربان تھا

بنایا ملحمت کو مرحمت تھا اس کی رحمت نے
شبِ اندوہ بھی اس کے کرم سے صبحِ خنداں تھا

سعادت کی جگہ تو اب شقاوت نے سنبھالی ہے
گلستاں کی طرف دیکھا پُر از خارِ مغیلاں تھا

یہ جو کچھ بھی ہے سب کرتوت اپنی پیش آئے
نہیں تو عہدِ ماضی میں کہاں یہ طمع و طغیاں تھا

الٰہی مشعلِ احمد کے بارے اِک کرن چمکا
تقاضا بھی یہی تھا وقت کا ہر دل کا ارماں تھا

تیرے در پہ یہی اُمید لیکر کا منگتا آیا
خطا کار و سیہ کار و سیہ فام کار آیا

درمشاعرہ نعتیہ اردو جامع مسجد کشتواڑ، مصرع طرح (حفیظ) :—

"زباں پر اے خوشا صلِ علیٰ یہ کس کا نام آیا"

زباں پر اے خوشا صلِ علیٰ یہ کس کا نام آیا
لبوں میں جس کی شیرینی سے باہم التیام آیا

زباں پر اے خوشا صلِ علیٰ یہ کس کا نام آیا
لبوں کا بوسہ لینے کے لئے کوثر کا جام آیا

زباں پر اے خوشا صلِ علیٰ یہ کس کا نام آیا
پئے عظمِ رمیم اک مژدہ یحیی العظام آیا

... آسمان و عرش و کرسی سے ندا آئی
شفیع المذنبیں لیکر شفاعت کا پیام آیا

شرابِ عشقِ احمد اک حیاتِ جاودانی ہے
ہے مقبولِ ازل بیشک جسے حاصل یہ جام

مئے عشقِ محمد کے ارے اے میکشو! مستو!
مُبارک ہو کہ پھر اب دور میں حرمت کا جام آیا

مُبارک باد حوریں دیتی ہیں فردوسِ اعلیٰ سے
وہ دیکھو لیکے رضواں ارغوانی مئے کا جام آیا

مجاہد میں تمنّا ہے تو سر مستی شہیدوں میں
چھلکتا دستِ قدرت میں یہی کاسُ الکرام آیا

یا شرقِ حُرا سے کھیت جب ماہِ رسالت نے
گرے اصنام اور اسلام کا وقتِ قیام آیا

یامت شرک پہ ٹوٹی جو قد قامت کہی سُن نے
گرا تثلیث اور توحید کا وقت قیام آیا

ی کافور ظلمت کفر کی اور نور حق چمکا
محمد مصطفےٰ نور الہدیٰ نجم الظلام آیا

ضِ کُن فکاں کی ابتدا نور محمدؐ ہے
کتابِ دین و آئین کا یہی تمت تمام آیا

ینے سے منزّہ ہے اُسے بھی سوجھی پینے کی
کہاں کب لامکاں معراج جب وہ خوشخرام آیا

مزاج اس کی ہے تسنیمی مقرب اس کے شارب ہیں
ختام اس کی مشکیتی یہی مسک الختام آیا

اسی کے ایک قطرے سے ہے پھوٹا چشمۂ کوثر
اسی کا سورۂ کوثر میں ذکر فیض عام آیا

لئے پھرتے ہیں غلماں ہاتھ میں سمیں قواریر یں
کھڑے ہیں سرو قد سائے کہ رضواں کا پیام آیا

جگانا کہہ کے قم قرآں پڑھانا شب کی خلوت میں
کہیں ترتیل سے سننا پسند اندر قیام آیا

دکھانے کے لئے برق و براق و سدرہ و رفرف
یداللہ لینے شبنم بنکے خود سورج کا جام آیا

فصاحت پر ہوا شیدا الٰہی اپنی سنی تجھ سے
تری نے سے تیری لے سے پسند اپنا کلام آیا

قد [illegible] تری مضمر ہے حبِّ خالقِ اکبر
تیرا منکر تیرا دشمن تیرا الدِّ خِصام آیا

